اللہ یجتبی الیہ من یشاء ویہدی الیہ من ینیب

الحمد للہ والمنۃ کہ دریں زمان مسعود آوان محمود مسیحائی امراض نفسانی وشفای اسقام روحانی یعنی کتاب مرغوب

تصفیۃ القلوب

ترجمہ اردو

ضیاء القلوب

۱۳۴۶

تصنیف جامع شریعت زیب طریقت خدا آگاہ حضرت حاجی امداد اللہ صاحب۔ باہتمام سید عبد المتین از ابنا مولوی عبد الاحد غفر لہم الصمد سنہ ۱۹۲۷ء

مطبع مجتبائی واقع دہلی مطبوع شد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تمامی مراتب حمد مر ذات واحد را کہ اوست معبود کل و موجود مطلق تعالیٰ شانہ و جمیع مدارج نعت خاص رسول اکرم را کہ اوست مظہر عالم و نائب حق صلی اللہ علیہ وسلم و علی آلہ و اصحابہ اجمعین اما بعد احقر ناچیز سراپا گناہ امداد اللہ فاروقی چشتی تھانوی کہ یکے از کمترین غلام و کہترین مریدان و خاکروب آستانہ حضرت الیشان اعنی جناب اقدس حقیقت آگاہ کمالات دستگاہ صاحب الشریعت والطریقت بحر الحقیقت والمعرفت ہادی دین متین امام السالکین پیشوائے عارفین مکرم و معظم حضرت نور الاسلام مولانا و مرشدنا و ہادینا میاں جیو نور محمد جھنجھانوی چشتی قدس سرہ است عرض می نماید کہ بعضے از یاران طریقت خصوصاً عزیزم سعید کونین پسندیدہ اخلاق حافظ محمد یوسف فرزند رشید امام العاشقین عارف باللہ کامل اکمل حضرت حافظ محمد ضامن[له] شہید فاروقی چشتی رحمۃ اللہ علیہ ملتمس شدند و باعث بریں گردیدند کہ آنچہ از اذکار و اشغال و مراقبات خاندان عالیہ چشتیہ صابریہ قدوسیہ معمول اند برائے مایان بقلم آرد تا در مفارقت بعیدہ کہ تو خدمت حرمین شریفین اختیار کردہ و مایان دور دراز در خاک ہندوستان افتادہ ایم بہاں عمل کردہ آید و آیندہ راہم بکار آید چوں این ہیچکارہ نالائق لیاقت و منزلت این امر ندارد کہ این مرتبہ شیخ کامل مکمل است این کار را دشوار پنداشت لیکن از فور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سب مراتب حمد اُس ذات واحد ہی کے لئے ہیں جو سب کا معبود اور موجود مطلق ہے اور بڑی شان رکھتا ہے اور نعت کے کل مدارج اُس نبی مکرم ہی کے واسطے ہیں کہ جو باعث مظہر عالم اور نائب خدا ہی حق تعالیٰ اُس پر اور اُس کے سب آل و اصحاب پر درود و سلام نازل فرمائے حمد و صلوٰۃ کے بعد احقر ناچیز سراپا گناہ امداد اللہ فاروقی چشتی تھانوی کہ ایک کمترین خادم اور ادنیٰ مرید و خاکروب آستانہ جناب تقدس مآب حقیقت آگاہ کمالات دستگاہ صاحب شریعت و طریقت دریائے حقیقت و معرفت ہادی دین متین امام السالکین پیشوائے عارفین مکرم معظم حضرت نور الاسلام مولانا و مرشدنا و ہادینا میانجیو نور محمد صاحب جھنجھانوی چشتی قدس سرہ کا ہی عرض کرتا ہے کہ میرے بعض یاران طریقت اور علی الخصوص عزیزم سعید کونین پسندیدہ اخلاق حافظ محمد یوسف نے جو امام العاشقین عارف باللہ کامل اکمل حضرت حافظ محمد ضامن شہید فاروقی چشتی کے خلف رشید ہیں مجھسے کہا اور اس امر کے محرک ہوئے کہ جو اذکار و اشغال اور مراقبات خاندان عالیہ چشتیہ صابریہ قدوسیہ کے معمول بہا ہیں وہ سب لکھے جائیں تاکہ اس بعد مفارقت میں کہ ہم سب دور دراز خاک ہندوستان میں پڑے ہوئے ہیں اور تم حرمین شریفین کی خدمت میں ہو ہمارے کام آئیں اور ہم انپر عمل کریں۔ اگرچہ اس ہیچکارہ نالائق کو اسقدر لیاقت اور منزلت کہاں (کہ یہ رتبہ شیخ کامل مکمل کا ہے) انجام کو پہونچائے لیکن اصرار

له خلیفہ خاص حضرت مرشد ۱۲

التماس عزیزان چاره ندیده وملتجی بجناب قدس حق
تعالی گردیدم پس بدلم القا شد که بنویس زیرا که عادت الله
جاریست که هرانچه از زبان وقلم شخصیکه باو عقیدت وارادت
دارند می برآید موثر ومفید تر میشود اگرچه همون در
کتب موجود باشد لهذا انچه از حضرت مرشد خود و
از بزرگان خاندان رسید از اذکار واشغال طریقه
چشتیه وقادریه ونقشبندیه می نگارم شاید که دعاء
وهمت سالکان باعث ان تحریر این رساله این مدبر
را هم بکار آید وشاید مقصود رخ نماید بعید نیست
وَاللّٰهُ یَهْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ اکنون باید
دانست که اکثر اذکار واشغال حضرات چشتیه وقادریه
بسبب اتحاد واتفاق نسبت بزرگان هردو خاندان
عالیشان مخلوط گردیده اند وآن شغل که خاص چشتیه
راست قادریه میکنند وآنکه مختص بقادریه است چشتیه
هم بعمل می آرند ومآل هردو واحد ست لهذا این ناچیز نیز
چندان تفریق نکرده از اشغال هردو طریق چیزے می نگارد
وخود درایں از سهو وخطا ناچار ودبر سالک تفریق نقش واضح خواهد
شد ونام این رساله ضیاء القلوب نهاده شد والله
ولی التوفیق مقدمه بدان ایدک الله تعالی الی طریق
سلوک الحق که سالک را چون خواهند که توفیق سلوک راه
حق تعالی دهند اول نورے از انوار هدایت یَهْدِی
اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ یَّشَآءُ در دل او فرود آید و
زنگ ضلالت وگمراهی از سینه او بزداید پس هر آئینه حطام
دنیا بر دل او سرد شود وطلب آخرت در سینه او گرم گردد
وکف بعنان توبه زند وقدم در رکاب همت آورده برسپ

التماس عزیزان ہے کہ ناچار ہو کر جناب باری میں ملتجی ہوا اور
بحکم الٰہی اسکے لکھنے پر مامور ہوا کہ عادت الٰہی یونہی جاری ہے
کہ جس سے جو لوگ ارادہ اور عقیدت رکھتے ہیں ضرور اسکی
زبان اور قلم سے انکو فیضان پہنچتا ہے اگرچہ وہ بیان اور کتابوں
میں بھی پایا جاتا ہو اسلیئے مجھے اپنے پیر ومرشد اور بزرگان
خاندان سے جو کچھ اذکار واشغال سلسلۂ چشتیہ قادریہ نقشبندیہ
کے پہنچے ہیں تحریر کرتا ہوں کیا عجب ہے کہ سالکوں کی ہمت و
دعا اس مطالعے سے میرے حق میں کام دے اور وہ اپنے مقصود
کو پہنچیں اور یہ اللہ ہی کے اختیار میں ہے اللہ جسکو چاہتا
ہے صراط مستقیم کی ہدایت کرتا ہے جاننا چاہیئے کہ اکثر اذکار
واشغال حضرات چشتیہ وقادریہ کے بسبب اتحاد واتفاق
نسبت بزرگان ہر دو خاندان عالیشان کے مخلوط ہو گئے
ہیں یہاں تک کہ جو شغل خاص حضرات چشتیہ کا ہے اسکو قادریہ
کرتے ہیں اور جو خاص شغل قادریہ کا ہے اسکو چشتیہ کرتے
ہیں چونکہ دونوں کی مراد ایک ہی ہے باس لحاظ اس ناچیز نے بھی
کچھ تفریق نہیں کی دونوں طریقوں کے اشغال تھوڑے
تھوڑے لکھدیئے ہیں سالک پر اسکی تفریق خود معلوم ہو
جائیگی اور میں اپنے کو بھول چوک سے پاک نہیں سمجھتا اور اسکا
نام ضیاء القلوب رکھا گیا ہے اللہ ہی صاحب توفیق ہے مقدمہ
معلوم کر اے سالک خدا تیری طریق سلوک حق میں مدد کرے
کہ جب سالک کو راہ حقتعالی کی توفیق عطا ہوتی ہے تو پہلے
اسکے دلمیں انوار ہدایت سے روشنی ڈالی جاتی ہے کیونکہ اللہ تعالی
فرماتا ہے یَهْدِی اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ یَّشَآءُ وہ روشنی اسکے دل سے تمام کدورتوں اور گمراہی
کو دور کردیتی ہے تو اس حطام دنیا سے اسکا دل سرد ہو جاتا ہے اور آخرت
کی طلب میں سرگرمی پیدا کرتا ہے اور توبہ کی لگام ہاتھمیں لیکے ہمت کی رکاب میں قدم دہر کر

استغفار سوار بوده عزم بالجزم کند وجملہ معاصی پس لشپت
انداختہ رو بسوے قبلہ طاعات وعبادات حقتعالی آرد ودر انوقت
اورا از مرشد کامل راہ دیدہ جامع شریعت وطریقت کہ مقتدائے
وقت باشد چارہ نبود کہ خود را در پائے سعادت خدمت
او باندازد و دست در دامن دولت او بیاویزد تا از مکائد
شیطانی ومکروہاتِ نفسانی کہ راہ زن سالک اند بیمن
توجہ او محفوظ ماند و در معالجہ امراض باطن خود بر حسب ارشاد
او مشغول شود کہ تا وقتیکہ ہمہ امراض معنوی کہ صفات ذمیمہ
اند مثل حسد وبخل وکبر وکینہ وعجب وریا وبغض وغیرہ
دفع نشوند و بجائے آنہا ہمہ اوصاف حمیدہ چون علم و
حلم وسخاوت وتواضع وذلت نفس ورضا وتسلیم وغیرہ کم خوردن
وکم خفتن وکم گفتن وکم با خلق بودن حاصل نشوند استعداد
وصول الی اللہ میسر نیاید لہذا صحبت مرشد واتباع او
ضرور افتاد چنانکہ در قرآن شریف نیز می فرمایند قولہ تعالی
یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَکُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ
قولہ تعالی وَاتَّبِعْ سَبِیْلَ مَنْ اَنَابَ اِلَیَّ ہر دو جا امر است
وامر مقتضی وجوب ست ولپوشیدہ نیست کہ تائبان صادق
وصادقان منیب ہمیں قوم اند وبیعت وصحبت سنت
فعل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وآلہ واصحابہ رضوان
اللہ علیہم اجمعین قولہ تعالی اِنَّ الَّذِیْنَ یُبَایِعُوْنَکَ اِنَّمَا
یُبَایِعُوْنَ اللّٰهَ ایضاً اِذْ یُبَایِعُوْنَکَ تَحْتَ
الشَّجَرَةِ لہذا فرمودہ اند اَلشَّیْخُ فِیْ قَوْمِهٖ کَالنَّبِیِّ فِیْ اُمَّتِهٖ
ونیز مقتدایان دین فرمودہ اند مَنْ اَرَادَ اَنْ یَّجْلِسَ
مَعَ اللّٰهِ فَلْیَجْلِسْ مَعَ اَهْلِ التَّصَوُّفِ
چنانکہ آنجا صحبت نبی ضرور ست اینجا صحبت شیخ

استغفار کے گھوڑے پر سوار ہوتا ہے یعنی سب باتوں
سے تائب ہوتا ہے اور سب گناہوں کو چھوڑ کر قبلہ طاعات
وعبادات یعنی حق تعالی کی طرف منہ کرتا ہے اُسوقت اُسکیلئے
سوائے اسکے کچھ چارہ نہیں کہ اپنے آپکو ایسے مرشد کامل
کے قدموں پر ڈالے جو مقتدائے وقت اور جامع
شریعت وطریقت ہو اور اسکی خدمت سے سعادتمندی حاصل
کرے اور اُسکے دامن دولت کو ہاتھ سے نہ چھوڑے تاکہ
شیطانی مکائد اور نفسانی مکروہات سے (کہ یہ دونوں سالک
کے راہزن ہیں) اُسکی توجہ کی برکت سے محفوظ رہے اور اپنی
باطنی امراض کے معالجے کیلئے اُسکے ارشاد کا پابند ہو کیونکہ
جبتک اندرونی بیماریاں (یعنی حسد بخل کبر کینہ عجب ریا
بغض وغیرہ) دور نہونگے اور بجائے ان کے اوصاف حمیدہ
جیسے علم حلم سخاوت تواضع ذلت نفس رضا تسلیم وغیرہ
کم کھانا کم سونا کم بولنا کم ملنا پیدا نہونگے ہرگز وصول الی اللہ
کی استعداد میسر نہ ہوگی اسواسطے مرشد کی صحبت اور اُسکی
اتباع کی ضرورت لازم پڑی ہوئی ہے چنانچہ کلام مجید میں
حقتعالی فرماتا ہے یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَکُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ
اور دوسری جگہ فرماتا ہے وَاتَّبِعْ سَبِیْلَ مَنْ اَنَابَ اِلَیَّ دونوں
آیتوں میں امر کا صیغہ واقع ہے اور امر مقتضی وجوب ہے اور یہ بات کچھ چھپی
ہوئی نہیں کہ سچے تائب اور سچے منیب ایسی قوم کے لوگ ہیں اور بیعت کرنی
اور مرشد کی صحبت کا اختیار کرنا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اور آپکے صحابہ
کا فعل ہے جسکے لیے یہ شاہد ہے اِنَّ الَّذِیْنَ یُبَایِعُوْنَکَ اِنَّمَا یُبَایِعُوْنَ اللّٰهَ
اِذْ یُبَایِعُوْنَکَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ اسواسطے پیغمبر صاحب نے فرمایا ہے کہ شیخ اپنی قوم
میں ایسا ہوتا ہے جیسا اپنی امت میں نبی اور بزرگان دین نے فرمایا ہے
کہ جو شخص اللہ کا طالب ہو اُسے چاہیے کہ اہل تصوف کی مجلس میں بیٹھا

ازان شیخ بود ضرور بود لاریب بلاشبہ پس اگر در نظر شیخ
کامل بودہ کار بفرمان او کند و جملگی اختیار و ارادہ خود بدست
اختیار مرشد دہد امید قوی ست کہ زود بمنزل مقصود برسد
ان شاء اللہ تعالیٰ تنبیہ حالا طریق سلوک مجمل تحریر می آید
مفصل در وقت سلوک واضح خواہد شد بدانکہ طرق سلوک
بے نہایت اند زیرا کہ طبائع طالبان راہ حق مختلف
می باشد و شیخ کہ طبیب دل ست موافق مرض مرید
علاج میفرماید لہذا فرمودہ اند اَلطُّرُقُ اِلَی اللّٰہِ بِعَدَدِ
اَنْفَاسِ الْخَلَائِقِ اما سہ طریق ازان طرق قریب تر اند
اول طریق اخیار ست و آن بکثرت صوم و صلوٰۃ
و تلاوت قرآن شریف و حج و جہاد وغیرہ ہست روندگان
این راہ در زمان طویل بمقصود رسند دوم اصحاب
مجاہدات و ریاضات اند کہ جہد در تبدیل اخلاق
ذمیمہ بحمیدہ میکنند این طریق ابرار ست پس واصل می
شوند ازین راہ اکثر از انہا سوم اصحاب شطاریہ
اند کہ از ریاضت بگریزند و از صحبت خلق پرہیزند
کار ایشان جز درد و اشتیاق و شوق و ذکر و فکر و
شکر نباشد پس واصل اند ازین طریق اکثر از انہا اکثر بہ تزکیہ
نفس و تصفیہ قلب و تجلیہ روح مشغول باشند و کشف و
کرامات را بجوے نخرند و غیر استقامت موتوا قبل
ان تموتوا نقد وقت ایشان نباشد و این طریق از ان
دو طریق اقرب الطرق الی اللہ ہست وصول این طریقہ
شطاریہ بدہ چیز فرمودہ اند اول توبہ آن بیرون آمدن
از ہر مطلوبات ماسوا اللہ چنانکہ وقت موت باشد دوم
زہد و آن ترک کردن ست دنیا و ما فیہا را

ایسی ہی بسبب نیابت شیخ کی خدمت بھی فرض ہے پس اگر شیخ کامل
کے حضور میں رہ کر اپنے سب کاروبار اور ارادہ کو شیخ کے
اختیار میں دیگا اور اُس کے حکم کے موافق عمل کریگا خدا
کی ذات سے اُمید قوی ہے کہ وہ بہت جلد کامیاب ہوگا تنبیہ فی الحال
طریق سلوک مجملاً لکھا جاتا ہے مفصل کیفیت راہ سلوک طے کرتے
وقت معلوم ہوگی واضح ہو کہ سلوک کے طریقے بہت سے ہیں
کیونکہ طالبان حق کی طبیعتیں مختلف ہیں اور شیخ کہ دل کا طبیب ہے
مرید کے مرض کے موافق علاج کرتا ہے اسی سبب سے فرمایا ہے کہ اللہ کے
طریق کے رستے خلائق کے انفاس کے برابر ہیں لیکن اُن سب طریقوں
سے تین طریقے بہت قریب کے ہیں پہلا طریق اخیار کا ہے کہ
اُسمیں بہت سے روزے رکھنے اور نمازیں پڑھنے اور تلاوت قرآن
شریف میں مشغول ہونا اور حج کرنا اور جہاد میں شامل ہونا ہے
اس راہ کے چلنے والے ایک مدت دراز میں منزل مقصود کو
پہنچتے ہیں دوسرا طریق اصحاب مجاہدات اور ریاضات کا ہے کہ
عادات ذمیمہ کو اخلاق حمیدہ سے بدلتے ہیں ان کو ابرار کہتے ہیں اس
راہ سے بھی اکثر لوگ مقصود کو پہنچتے ہیں تیسرا طریق شطاریہ
ہے کہ ریاضت سے بھاگتے ہیں اور خلائق کی صحبت سے بچتے ہیں انکا کام
سوائے درد اور اشتیاق اور شوق ذکر فکر شکر کے اور کچھ نہیں ہے اس طریق
سے اکثر مقصود کو پہنچتے ہیں اور بہت سے تزکیہ نفس اور تصفیہ قلب اور تجلیہ روح
میں مشغول رہتے ہیں اور کشف و کرامات پسند نہیں کرتے اور اپنے نقد وقت کو
موتوا قبل ان تموتوا کی استقامت میں صرف کرتے ہیں یہ طریق دونوں
طریقوں سے وصول الی اللہ میں زیادہ قریب رکھتا ہے اور وصول اس طریقہ شطاریہ
میں دس چیزوں سے ہے اول توبہ ہے اور اس کے یہ معنی ہیں کہ ماسوا اللہ کے مطلوبات
چیزوں کو چھوڑ دے جیسے مرنے کے وقت انقطاع ہوتا ہے دوسرا زہد
ہے یعنی دنیا اور مافیہا سے کچھ غرض نہ رکھے اور سب کو چھوڑ دے

چنانکہ وقت موت باشد سوم توکل آن ترک کردن
اسباب ظاہری را چنانکہ وقت موت باشد چہارم قناعت
وآن ترک کردن است شہوات وخواہشات نفسانیہ را چنانکہ
وقت موت باشد پنجم عزلت وآن انقطاع وگریختن است
از خلق چنانکہ وقت موت بود ششم توجہ الی اللہ واعراض
از ماسوا اللہ است چنانکہ وقت موت بود پس باقی نماند
کرا مطلوب ومحبوب ومقصود جز اللہ جل شانہ ہفتم صبر وآن
ترک کردن است حظوظ نفسانیہ را از مجاہدہ چنانکہ وقت موت
بغیر مجاہدہ ترک می کند ہشتم رضا وآن ترک کردن است
رضاء نفس خود بدخول رضاء حقتعالی وتسلیم کردن خود
را بحکم ازلی حق تعالی چنانکہ وقت موت بود نہم ذکر و
آن ترک کردن است ذکر غیر اللہ چنانکہ بوقت موت
دہم مراقبہ وآن ترک کردن است حول وقوت خود
چنانکہ وقت موت پس طالب باید کہ اول بارشاد مرشد
از صفات ذمیمہ بشریہ کہ از لوازمہ حیوانی وعنصری است
برآید وپرہیز دواوصاف حمیدہ پیدا سازد ودل را از
کدورت غیر اللہ پاک وصاف نماید تا لیاقت وصول
الی اللہ حاصل آید **فصل در بیان طریق بیعت**
پیر شخصے را کہ ارادت بیعت دارد پیش خود دوزانو با
ادب بنشاند اول خطبہ خواند یعنے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ نَحْمَدُہٗ
وَنَسْتَعِیْنُہٗ وَنَسْتَغْفِرُہٗ وَنَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شُرُوْرِ
اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَیِّئَاتِ اَعْمَالِنَا مَنْ یَّھْدِہِ اللّٰہُ فَلَا مُضِلَّ
لَہٗ وَمَنْ یُّضْلِلْہُ فَلَا ھَادِیَ لَہٗ وَنَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ
اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَنَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا
عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ

جیسے مرنے کے وقت سبکو چھوڑنا پڑتا ہی تیسرے (توکل)
اس سے یہ مراد ہے کہ اسباب ظاہری کو ترک کرے جیسا کہ
موت کے وقت ترک کرتا ہی چوتھے (قناعت) یعنی اپنی
نفسانی اور شہوانی خواہشوں کو ایسا ترک کرے جیسے
موت کے وقت ترک ہو جاتی ہیں پانچوین (عزلت) یعنی خلائق
سے کنارہ کشی اور انقطاع کرنا جیسے موت کے وقت ہوتا
ہے چھٹے (توجہ) یعنی اللہ کے سوا سب طرف سے اپنے اغراض کو
اٹھا کر منہ پھیرے جیسے موت کے وقت ہوتا ہے ساتوین
(صبر) یعنی مجاہدہ کرے اور نفسانی لذائذ کو ترک کردے
جیسے موت کے وقت بلا مجاہدہ چھوڑا جاتی ہیں آٹھوین
(رضا) یعنی اپنے نفس کی رضا کو چھوڑ کر اللہ کی رضا پر راضی
رہے اور اسکے حکم ازلی پر سر جھکائے جیسا موت کے وقت
ہوتا ہے نوین (ذکر) یعنی اللہ کے ذکر کے سوا سب کو
چھوڑ دے جیسے موت کے وقت چھوٹتا ہی دسوین
(مراقبہ) یعنی اپنے سب حول اور قوت کو ترک کردے جیسا کہ
موت کے وقت ترک کردیتا ہی پس طالب کو چاہیے کہ پہلے حسب ارشاد
مرشد ان بری خصلتوں سے جو لوازمہ حیوانی وعنصری سے
ہیں اپنے آپکو بچاوے اور اوصاف حمیدہ پیدا کرے اور
اپنے دل کو غیر اللہ کی کدورتوں سے پاک وصاف رکھے
تا کہ لیاقت وصول الی اللہ کی حاصل ہو **فصل بیعت کے
طریقہ کے بیان مین**۔ پیر کو چاہیے کہ جسکو بیعت کرے
اسکو اپنے روبرو مؤدب دوزانو بٹھائے اور یہ خطبہ
پڑھنا شروع کرے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ نَحْمَدُہٗ وَنَسْتَعِیْنُہٗ
وَنَسْتَغْفِرُہٗ وَنَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا
وَمِنْ سَیِّئَاتِ اَعْمَالِنَا مَنْ یَّھْدِہِ اللّٰہُ فَلَا مُضِلَّ لَہٗ وَمَنْ

وَابْتَغُوْا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ وَجَاهِدُوْا فِيْ سَبِيْلِهٖ
لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ اِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ
اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ خوانده دست خود بر دست
مرید نهد و بخواند يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ فَمَنْ
نَّكَثَ فَاِنَّمَا يَنْكُثُ عَلٰى نَفْسِهٖ وَمَنْ اَوْفٰى بِمَا
عٰهَدَ عَلَيْهُ اللّٰهَ فَسَيُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا نَفَعَنَا
اللّٰهُ وَاِيَّاكُمْ بَارَكَ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ و اگر مرید عورت باشد گوشہ
چادر یا عمامه یا رومال بدست او دہد و بگوید مرید را
که بگو بیزار گشتم از همه ادیان شرکیه و کفریه و آنچه
در آنهاست و ایمان آوردم به الله و رسول
او و قبول کردم دین اسلام را و آنچه درست و توبه
کردم و بیرون آمدم از جمله معاصی و داخل شدم
در زمره مطیعان حقتعالی و ترک کردم دنیا و
مافیها را برائے رضائے مولے و بگوید ÷
رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ
نَّبِيًّا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ و بگوید اَشْهَدُ اَنْ
لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ
وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ
بعده بگوید که بیعت کردم بر دست فلان و نام
پیر خود گیرد و اختیار کردم سلسله فلان
و دعا کند که خداوندا فیض و برکت بزرگان
این سلسله نصیب ما کن و در زمره ایشان
برانگیز بعد ازان مرشد طریق ذکر
به مناسبت استعداد و قابلیت او تلقین
فرماید و از آداب سلوک اطلاع

يُّضْلِلْهُ فَلَا هَادِيَ لَهٗ وَنَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ
لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَنَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ يَا اَيُّهَا
الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَابْتَغُوْا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ
وَجَاهِدُوْا فِيْ سَبِيْلِهٖ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ اِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ
اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ اس کے بعد اپنا ہاتھ مرید کے ہاتھ پر
رکھے اور یہ آیۃ پڑھے يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ فَمَنْ
نَّكَثَ فَاِنَّمَا يَنْكُثُ عَلٰى نَفْسِهٖ وَمَنْ اَوْفٰى بِمَا عٰهَدَ عَلَيْهُ اللّٰهَ
فَسَيُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا نَفَعَنَا اللّٰهُ وَاِيَّاكُمْ بَارَكَ اللّٰهُ
لَنَا وَلَكُمْ اور جو عورت مرید ہو تو بجائے ہاتھ کے
چادر یا عمامہ یا رومال کا گوشہ اُسکے ہاتھ میں دے اور مرید سے
فرمائے کہ کہو میں سب کفر و شرک کے دینوں سے اور جو
کچھ اُنمیں ہے بیزار ہوا اور اللہ اور اُسکے رسول پر ایمان لایا
اور دین اسلام اور مافیہا اسکو قبول کیا اور توبہ کی اور تمام
گناہوں سے پاک ہوا اور اللہ کے مطیعوں کے گروہ میں داخل
ہوا اور دنیا و مافیہا کو رضائے مولی پر ترک کیا پھر یہ کہے
رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ نَّبِيًّا
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اور کہے اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ
اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ
اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اسکے بعد
یہ کہے کہ میں نے فلان شخص کے ہاتھ پر بیعت کی اور اپنے پیر کا
نام زبان پر لائے اور کہے کہ میں نے فلان سلسلہ کو
اختیار کیا اور دعا کرے کہ خداوندا اس سلسلہ کے بزرگوں کا
فیض اور برکت مجکو عطا کر اور انہیں کے زمرے میں مجھکو اٹھا
اسکے بعد مرشد مرید کے استعداد اور قابلیت کے موافق
طریق ذکر کا تلقین فرمائے اور سلوک کے آداب سے

نماید و توجہ بر حال او مرعی دارد و بہ تحصیل مسائل
فقہ ضروریہ و بہ تصحیح عقائد اہل سنت و جماعت
تاکید کند و ترغیب و تحریص بر اتباع شرع شریف
نماید کہ بے این وصول مطلوب مشکل ست و ارشاد
فرماید کہ مکاشفات و وارادات خلاف شرع را اعتبار
نہ سازد و بر اوامر شریعت مستقیم باشد و از ممنوعات
او بہ پرہیزد و از لقمہ حرام و مشتبہ احتیاط کند و احکام
شریعت را بر ہمہ امور مقدم دارد ۔

باب اول در بیان اذکار و اشغال و مراقبات حضرات چشتیہ رضوان اللہ علیہم اجمعین

فصل اول ۔ در بیان ارشاد تلقین ذکر ۔

بدانکہ پیر بعد از ادائے ختم و فاتحہ بارواح مشائخ
طریقہ مرید را حکم کند کہ سہ روز متواتر روزہ دارد
و درین روزہا کثرت کلمہ تہلیل و استغفار و درود
کند اگر کم از ہزارگان بار نگوید روز سوم مرید در
آخر شب یا بعد نماز صبح و یا بعد نماز عصر لیکن اول
اولی ست پیش مرشد بیاید تا مرشد او را در خلوت
کہ درانجا بجز پیر و مرید دیگر نباشد زیراکہ تلقین مرشد
اسرار حق ست و ہر طالب مخصوص باسرارے باشد
پیش خود باادب دو زانو بنشاند اول مرید را توجہ
دہد تا تخم ذکر و جذب باطن در وے نشیند و ذکر
بحظ تمام قبول نماید ۔

وطریقہ توجہ اینست

کہ مرشد خود را از ہمہ خیال خالی کردہ دل خود را

مطلع فرمائے اور اُسکے حال پر کمال توجہ رکھے اور تحصیل
مسائل فقہ ضروریہ اور درستی عقائد اہل سنت الجماعتہ
کے لئے تاکید کرتا رہے اور شرع شریف کی تابعداری
کی رغبت اور حرص دلائے کہ بے اسکے مطلوب تک
پہنچنا مشکل ہے اور ارشاد فرمائے کہ جو مکاشفہ و
ارادات خلاف شرع ظہور میں آئے اسکا اصلا اعتبار
نہ کرے اور احکام شرعی پر مستقیم رہے اور ممنوعات
سے بچے اور حرام اور مشتبہ لقمہ سے احتیاط کرے اور
سب کاموں پر شرع کے احکام کو مقدم رکھے ۔

پہلا باب حضرات چشتیہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کے ذکر شغل اور مراقبہ کے بیان میں

پہلی فصل ذکر کے تلقین کے بیان میں ۔

واضح رہے کہ پیر بعد ادائے ختم و فاتحہ بارواح مشائخ
طریقہ مرید سے فرمائے کہ تین روز متواتر روزہ رکھے
اور ان ایام میں کلمہ شریف اور استغفار اور درود
شریف کی زیادہ کثرت کرے یہانتک کہ ہزار بار
سے کم نہ ہو تیسرے روز وقت آخر شب یا بعد نماز
صبح یا بعد نماز عصر لیکن اولے آخر شب ہے اسوقت
مرشد کے روبرو حاضر ہو اور مرشد اسکو خلوت میں لیجائے
وہاں سوائے پیر اور مرید کے اور کوئی نہ ہو کیونکہ ہر طالب
کیلئے ایک خاص اسرار ہے اور تلقین مرشد اسرار حق ہے
اور مؤدب دوزانو بٹھائے پہلے مرید کو توجہ دے تاکہ
ذکر کا تخم اور جذب باطن اُسکے دل میں قائم ہو جائے
اور ذکر کو بہت مزے کے ساتھ قبول کرے اور توجہ کا
طریق یہ ہے کہ مرشد اپنے آپ کو سب خیالات سے خالی کرکے اپنے

بادل مرید مقابل کند و ضرب اسم ذات بخیال بدل او
زند و تصور نماید که کیفیت ذکر این اسم و جذب شوق از
دل من بدل مرید میرود و سرایت میکند باندازه صدر
ویکدم او را توجه دہد تا حرارت ذکر و جذب در باطن
او سرایت کند و دلش متحرک بذکر گردد بعد ازان
ہر ذکرے که ملائم حال مرید و استعداد او باشد
ارشاد فرماید۔ مرید بارشاد مرشد باذکر مشغول
شود و از اظہار اسرار پرہیز د تا ثمر انوار و اسرار شود

طریق دیگر این ست

که یکبار مرشد بگوید و مرید بشنود و باز مرید گوید و مرشد
بشنود و ہمچنین سه بار تکرار کند بعد ازان مرشد بگوید
که آنچه مارا از پیران رسیده ترا دادیم و مرید گوید
قبول کردم بعد ازان حکم کند که در خلوت تنگ و تاریک
که دران فقط قیام و قعود و غلطیدن تواند و از متاع
خالی باشد و از شور و شغب دور شود و باطہارت
کامل بچار زانو یعنے مربع بنشیند و پشت راست
دارد و چشم بند نماید و ہر دو دست بر زانو نہد
و انگشتان کشاده دارد تا نقش لفظ اللّٰہ پدید
آید و نر انگشت پائے راست را بر رگ کیماس نہد
و رگ کیماس رگے ہست که در باطن زانوئے چپ
ست و مر بباطن قلب ست چون قوت دران رسد
در باطن حرارت پیدا آید و خطرات دور شود زیرا که حرارت
باطن موجب تصفیه قلب ست بعد ازان این دعا را سه
بار بخواند یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

مرید کے دل کے مقابل کرے اور اسم ذات کی ضرب خیال کے
ساتھ اُسکے دل پر لگائے اور یہ تصور کرے کہ اس ذکر
کی کیفیت اور جذب شوق میری طرف سے مرید کی
طرف پہنچتا ہے اور اُس کے دل میں سرایت کرتا ہے بعد
ایک سو ایک ضرب کے توجہ دے تاکہ حرارت ذکر اور جذب
شوق اُسکے باطن میں سرایت کر جائے اور اُسکا قلب ذکر کرنے
حرکت کرنے لگے پھر جو ذکر مرید کی استعداد اور اُسکی
حالت کے مناسب ہو اُسکو بتائے اور مرید اُسکے بتانے
کے بموجب ذکر میں مشغول ہو اور اسرار باطن کو چھپائے
تاکہ باعث حصول انوار و اسرار کا ہو۔

دوسرا طریق یہ ہے

کہ ایکبار مرشد کہے اور مرید سُنے اور دوسری بار مرید
کہے پیر سُنے اسیطرح تین دفعہ کہے پھر مرشد کہے کہ جو
کچھ مجھکو اپنے پیروں کی سے پہنچا ہے میں نے تجھکو دیا اور مرید کہے
کہ مینے قبول کیا اسکے بعد ارشاد فرمائے کہ کسی تنگ و
تاریک حجرہ میں خلوت اختیار کرے اور وہ ایسی تنگ جگہ ہو کہ
سوا قیام و قعود اور لیٹنے کے اور کچھ اسباب وغیرہ نہ رکھا جا سکے
اور آواز شور و غل کی کسیطرف سے وہاں نہ آسکے بطہارت کامل
چار زانو بیٹھے اور کمر کو سیدھی رکھے اور آنکھیں بند کرے
اور اپنے دونوں ہاتھ گھٹنوں پر رکھے اور انگلیاں
کھلی رہنے دے تاکہ نقش لفظ اللّٰہ پیدا ہو اور اپنے
داہنے پانوں کے انگوٹھے سے رگ کیماس کو دبائے اور رگ
کیماس وہ ہے جو بائیں گھٹنے کے اندر ہے اور قلب باطن سے بہت
رابطہ رکھتی ہے جب اسمیں قوت پہنچیگی باطن میں حرارت ظاہر ہوگی
اور خطرات دور ہونگے کیونکہ باطنی حرارت تصفیہ دل کا سبب ہے
بعدہ یہ دعا [illegible] یا حی یا قیوم لا الہ الا انت

اَسْئَلُكَ اَنْ تُحْيِيَ قَلْبِيْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِكَ اَبَدًا

یااللہ یااللہ یااللہ بحضور قلب تصور معنی بعد ازاں بطریق محاسبہ مجاہدہ بذکر یا فکر وملاحظہ و واسطہ یا توجہ اتم وقوت وشدت جہریہ یا خفیہ بدانچہ ذوق و انبساط دست دہد ولذت ذکر او را بر باید مشغول شود واگر خطرہ غیر در آید بمشاہدہ جمال مرشد آن خطرہ را دفع ما زد و باز بذکر مشغول شود تا تزکیہ نفس و تصفیہ قلب وتجلیہ روح حاصل آید خطرات و وساوس ما سوا اللہ محو گردد واثر خشوع وخضوع ذکر در قلب ذاکر ظاہر شود واثر ذکر در تمام اعضا ورگہا و گوشت و پوست وخون واستخوان ومغز در آید و ذکر بیخ گیر شود و مظہر مکاشفات وانوار واردات غیبی گردد وحقیقت اشیاء بر و منکشف گردد وبعالم ارواح ملاقات شود و ذکر حقیقی وشہود حق در آن مقام فتح گردد فائدہ بدانکہ چون دل بذکر اللہ متحرک گردد وذکر از زبان دل مسموع شود آن حرکت از دل در جسم پراگندہ گردد وصورت انتشار او آن بود کہ اول حرکت در عضوے چنانکہ حرکت در قلب او بود و از ان عضو مفہوم گردد پس باید کہ بان متوجہ نشود و توجہ بقلب دارد گاہ دست گاہ پائے گاہ سر بے آنکہ قصد کند متحرک گردد بلکہ تمام عالم را در حرکت یابد وچون نور ذکر منتشر گردد و در اندک زمانہ تمام اطراف بدن را محیط شود واز سر تا ناخن پا بذکر معمور گردد

اَسْئَلُكَ اَنْ تُحْيِيَ قَلْبِيْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِكَ اَبَدًا

یااللہ یااللہ یااللہ اسکے بعد بطریق محاسبہ اور مجاہدہ کے ذکر میں فکر وملاحظہ اور واسطے کے ساتھ بہت توجہ اور قوت وشدت جہریہ یا خفیہ سے جس ہی اُسکو ذوق اور انبساط پیدا ہوا اور لذت ذکر کی بیخودی ہو مشغول ہونا چاہیئے اگر غیر کا خطرہ دلمیں گذرے تو مرشد کے جمال کے مشاہدہ سے اسکو دفع کرے اور پھر ذکر میں مشغول ہو جائے تاکہ تزکیہ نفس اور تصفیہ قلب اور تجلیہ روح میسر ہو اور خطرات اور وساوس ماسوا اللہ دل سے محو ہو جائیں اور خشوع وخضوع ذکر کا اثر اُسکے قلب میں ظاہر ہو اور ذکر کا اثر اُسکے تمام اعضا اور تمام رگوں اور گوشت اور پوست اور خون اور ہڈیوں اور مغز میں بیٹھ جائے اور مکاشفات وانوار واردات غیبی کا مظہر بنے اور ہر شئی کی حقیقت کا پردہ اُسپر کھل جائے اور عالم ارواح سے ملاقی ہو اور ذکر حقیقی اور شہود حق اس مقام پر مفتوح ہو فائدہ جاننا چاہیئے کہ جب ذاکر کا دل اللہ کے ذکر سے متحرک یعنی جاری ہو جائے اور وہ حرکت دل کی زبان سے سنائی دے تو وہ حرکت دل کی سارے جسم میں پھیلجاتی ہے اور اسکے پھیلنے کی صورت اسطور پر ہی کہ پہلے ایک عضو سے ایسی حرکت ظہور میں آئی جیسے قلب میں معلوم ہوتی تھی تو چاہیئے کہ اسکی طرف التفات نکرے بلکہ قلب کیطرف زیادہ توجہ رکھے اسحالت میں کبھی ہاتھ کبھی پاؤں کبھی سر بے قصد حرکت کریگا یہانتک کہ ایک عالم کو متحرک پائیگا جب ذکر کا نور متحرک ہوتا ہے تو تھوڑی مدت میں تمام اطراف

احوال ہائے مختلف رُوئے نماید گاہ گریان گاہ خندان وگاہ افسردہ گاہ حیران گاہ پریشان امابہیچ ملتفت نہ شود مشغول بذکر یا فکر کہ مقصود واصل ست باشد بامداد الہی چنان شود کہ بہ یک مرتبہ از تمام بدن ذکر اللہ بشنود وہمہ اعضا بادل موافقت نماید وبہ یک صورت و آواز ودرین حال غلبۂ ذکر در بعضے اعضا زیادہ ودر بعضے کم بود وگاہ غلبہ در جمیع اجزا متساوی باشد درین وقت لذت بیشتر یابد واین کیفیت را در اصطلاح قوم سلطان الاذکار میگویند و ذاکر آواز ذکر بگوش خود استماع نماید وآنچہ مشہور ست کہ چون ذکر غلبہ کند آواز ذکر آن غیرہم می شنود خلط عامست پس ذکر دل ذاکر ہم سالک تواند شنید ولیس گروہے کہ براند کہ آواز ذکر غیر آواز دور ونزدیک حسب مراتب ذاکرین سامعین تواند شنید اصلی ندارد

در بیان ذکر

بدانکہ ذکر آنرا گویند کہ بیاد الہی جمیع غیر اللہ را فراموش سازد وبحضوریت قلب معیت حق تعالی چنانکہ فرمود اَنَا مَعَ عَبْدِیْ اِذَا ذَکَرَنِیْ وَتَحَرَّکَتْ بِیْ شَفَتَاہُ وَاَنَا جَلِیْسُ مَنْ ذَکَرَنِیْ وشب وروز بحکم سَبِّحُوْہُ بُکْرَۃً وَّاَصِیْلًا با توجہ وفکر تمام خندان مشغول ومستغرق بذکر گردد کہ از خود بے ہوش بود ودر زمرہ اَلَّذِیْنَ یَذْکُرُوْنَ اللّٰہَ قِیَامًا

بدن کو گھیر لیتا ہے اور سر سے ناخن پا تک ذکر میں محو ہو جاتا ہے اور مختلف حالات سے آگاہی پاتا ہے کبھی روتا ہے کبھی ہنستا ہے کبھی حیران اور پریشان اور افسردہ خاطر ہوتا ہے چاہیے کہ کسی کی طرف التفات نکرے بلکہ ذکر و فکر (جو مقصود اصلی ہے) اسمیں مشغول رہے اللہ کی مدد سے ایسا ہوگا کہ یکایک تمام بدن سے کلمہ اللہ ذکر سنیگا اور تمام اعضا دل سے موافق ہو جاوینگے اور اسی حال میں غلبہ ذکر تمام اعضا میں کم و بیشی کے ساتھ سرایت کر جائیگا اور کبھی کبھی علی التساوی موثر ہوگا اسوقت میں کما حقہ لذت حاصل ہوگی اصطلاح میں اسکا نام سلطان الاذکار ہے اور ذاکر اپنے ذکر کی آواز خود سنتا ہے اور یہ جو مشہور ہے کہ جب ذکر کا غلبہ ہوتا ہے تو غیر آدمی بھی ذکر کی آواز سنتے ہیں غلط العام ہے کیونکہ دل کا ذکر ذاکر بھی وہ سن سکتا ہے جو سالک ہو اور کو قوت نہیں پس جس فرقہ کا یہ قول ہے کہ ذکر قلب کی آواز سامعین دور و نزدیک سے علی حسب مراتب سنتے ہیں محض بے اصل ہے۔

ذکر کا بیان

ذکر اس کا نام ہے کہ یاد الہی میں جمیع غیر اللہ کو فراموش کرے اور حضوریت قلب سے قرب و معیت حاصل کرے جیسا کہ اللہ تعالی فرماتا ہے اَنَا مَعَ عَبْدِیْ اِذَا ذَکَرَنِیْ وَتَحَرَّکَتْ بِیْ شَفَتَاہُ وَاَنَا جَلِیْسُ مَنْ ذَکَرَنِیْ اور رات دن بحکم سَبِّحُوْہُ بُکْرَۃً وَّاَصِیْلًا پوری توجہ سے اپنے آپکو ذکر الہی میں ایسا مشغول کرے کہ اپنے آپسے بھی بیخبر ہو جائے اور زمرہ اَلَّذِیْنَ یَذْکُرُوْنَ اللّٰہَ قِیَامًا

وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰی جُنُوْبِهِمْ داخل شود و ذکر حیات گردد
و بدانکه ذکر بر اقسام ست و مقصود از ذکر حصول مذکور
ست بحضور قلب پس هر عملی و فعلی که از ان حصول مطلب
ست هم ذکر ست کلمه باشد یا نماز یا تلاوت قرآن یا
درود یا ادعیه که مطابق قرآن و حدیث باشد و یا دیگر
عبادات و یا بعبارات دیگر که بملاحظه معنی آن یافت
مذکور و مطلوب ست آن هم جمله ذکر ست و آن حصول
مذکور بے فناء ذاکر حاصل نمی شود پس طالب را
باید که در ذکر الله سبحانه چنان مستغرق شود که
غیر حق و خود را که فراموش سازد که وصول الی الله
بدون نفی ماسوا الله ممکن نیست چون باین مرتبه
رسد زهد و تقوی و توکل و عزلت و قناعت و صبر
و تسلیم و رضا و غیره بے قصد حاصل آید و از نتیجه
این ذکر بر قلب ذاکر انوار تجلیات ظاهر شود که در
ظهور آن حواس خمسه سالک مستور گردد نه ذاکر ماند نه
ذکر و ذاکر مذکور گردد و ذکر ذکر حق شود شَهِدَ اللّٰهُ
اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فائده پس باید دانست که اکثر
مشائخ اول مرید را بحکم افضل الذکر لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ذکر
نفی و اثبات تلقین فرمایند و این ذکر را مراتب اند
که بقلم مے آیند

در بیان مراتب ذکر

بدانکه ذکر چهار نوع ست ذکر ناسوتی چون لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
و ذکر ملکوتی چون اِلَّا اللّٰهُ و ذکر جبروتی چون
لفظ اسم ذات یعنی اللّٰهُ و ذکر لاهوتی هُوْ هُوْ و
نیز ذکر زبان را ناسوتی و دل را

وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰی جُنُوْبِهِمْ میں داخل ہو اور ذکر زندگی ہو
جائے جاننا چاہیے کہ ذکر کی کئی قسمیں ہیں اور مقصود
ذکر سے وہی ہے جس کا ذکر حضوریت قلب سے کرتے ہیں
پس جس عمل یا فعل سے مطلب حاصل ہوگا وہی ذکر ہے
عام ہے کہ نماز ہو یا تلاوت قرآن یا کلمہ یا درود یا
دعائیں جو قرآن و حدیث کے موافق ہیں یا اور عبادتیں
کہ جن کے معنی سے مطلوب حاصل ہو اور یہ حصول اللہ کو
بغیر فناء ذاکر حاصل نہیں ہوتا۔ پس طالب حق کو چاہیے
کہ اللہ سبحانہ کے ذکر میں ایسا مشغول ہووے کہ غیر اللہ اور
خود کو مطلقاً بھول جائے کیونکہ وصول الی اللہ بغیر نفی غیر
اللہ کے حاصل نہیں ہوتا۔ طالب جب اس درجہ کو
پہنچیگا۔ زہد۔ تقوی۔ توکل۔ عزلت۔ قناعت۔ صبر
تسلیم۔ رضا وغیرہ سب بے قصد حاصل ہو جائیں گے
اور اس ذکر کے نتیجے سے قلب پر انوار تجلیات باری تعالی
اس درجہ ظاہر ہونگے کہ سالک کے حواس خمسہ تک چھپ
جائینگے اور ذکر ذاکر دونوں فنا ہو کر مذکور رہ جائیگا
اور ذکر ذکر حق ہو جائیگا شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ
فائدہ جاننا چاہیے کہ اکثر مشائخ رحمہم اللہ مرید کو بحکم
افضل الذکر لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ پہلے ذکر نفی و اثبات تلقین کرتے
ہیں اب اس ذکر کے چند مراتب بھی لکھے جاتے ہیں

ذکر کے مراتب کا بیان

جاننا چاہیے کہ ذکر کی چار قسمیں ہیں اول ناسوتی جیسے
لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ دوسرے ملکوتی جیسے اِلَّا اللّٰهُ تیسرے جبروتی
جیسے اللّٰهُ چوتھے لاہوتی جیسے ہُو ہُو اور یہ بھی کہتے
ہیں کہ ذکر زبان ناسوتی ہے اور ذکر دل

یعنی ذکر میں ایسا مستغرق ہو ... حدیث شریف میں آیا ہے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لا حجاب بینہ و بین اللہ یعنی لا الہ الا اللہ کے بندہ اور خدا کے درمیان میں حجاب نہیں رہتا کیونکہ حجاب دنیا کی طرف توجہ ... جب لا ... ماسوا کی نفی ... حجاب

ملکوتی و ذکر روح را جبروتی و ذکر سر را لاہوتی ہم گویند
ونیز ذکر زبان را ذکر جسمے و تفکر را ذکر نفسے و مراقبہ
را ذکر دلی و مشاہدہ را ذکر روحی و معاینہ را ذکر سری
میگویند فائدہ یعنے ذاکر را باید کہ درین ذکر از نفی لا
الٰہ ہمہ موجودات را از نظر بردارد و وقت اثبات الا اللہ
تمام اجزاء بدن خود را معمور سازد و بعد کمال این ذکر
اثبات را ہم محو کند کہ اثبات نیز نفی شود و نفی در
نفی اثبات ذات ست۔

فصل در بیان ذکر جہر نفی و اثبات و اسم ذات مع
دوازدہ تسبیح کہ معمول حضرات چشتیہ است طریق ذکر دوازدہ
تسبیح اینست بدانکہ بعد نماز تہجد کہ دوازدہ رکعت بشش
سلام اند و در ہر رکعت بعد فاتحہ سہ سہ بار سورہ اخلاص
میخوانند بعجز و زاری دست برداشتہ این دعا را اَللّٰھُمَّ
طَھِّرْ قَلْبِیْ عَنْ غَیْرِكَ وَنَوِّرْ قَلْبِیْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِكَ
اَبَدًا یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یا اللہ بحضور قلب بار یا پنج بار یا
ہفت بار تکرار نماید و توبہ و استغفار و کلمہ پنجم بطور
غمزدہ بخوانند و بست و یک بار اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ
لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ بگوید بعد این
سہ درود را بر سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم بفرستد
اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَلصَّلٰوۃُ
وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا حَبِیْبَ اللّٰہِ اَلصَّلٰوۃُ
وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا نَبِیَّ اللّٰہِ سہ بار بطریق
عروج و نزول بخوانند و جلسہ مربع نشستہ و از
نر انگشت پائے راست و دوم انگشت کہ متصل
انست رگ کیماس را کہ در باطن زانوئے چپ است

ملکوتی اور ذکر روح جبروتی اور ذکر سر لاہوتی اور ذکر
زبان کو ذکر جسمی اور فکر کو ذکر نفسی اور مراقبہ کو ذکر
دلی اور مشاہدہ کو روحی اور معاینہ کو ذکر سری بھی
کہتے ہیں فائدہ ذاکر کو چاہیے کہ اس ذکر میں نفی لا الٰہ
سے تمام موجودات کو نظر سے اُٹھاوے اور اثبات
الا اللہ میں تمام اجزائے بدن کو قائم کرے پھر تو اس
ذکر کا کمال اثبات کو بھی محو کردے گا اور اثبات نفی
ہوجائیگا اور نفی در نفی اثبات ذات ہوتا ہے۔

فصل ذکر جہر و نفی اور اُن بارہ تسبیحون کے اثبات کے
بیان مین جو حضرات چشتیہ رحمہم اللہ کا معمول ہے
جاننا چاہیے کہ بارہ تسبیحون کے ذکر کا طریقہ یہ ہے کہ
بارہ رکعت تہجد سے جو چھ سلامون سے پڑھی جاتی ہین
اور ہر رکعت میں تین تین بار سورہ اخلاص پڑھی
ہین فارغ ہوکر نہایت انکساری سے ہاتھ اٹھاکر
یہ دعا پڑھو اَللّٰھُمَّ طَھِّرْ قَلْبِیْ عَنْ غَیْرِكَ وَنَوِّرْ قَلْبِیْ
بِنُوْرِ مَعْرِفَتِكَ اَبَدًا یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ اور توبہ
اور استغفار کرکے پانچوان کلمہ غمزدہ لہجے میں پڑھے
پھر اکیس مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ
الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ پڑھکر یہ تین درود حضرت رسالت
پناہ صلی اللہ علیہ وسلم کی روح مقدس پر بھیجے اَلصَّلٰوۃُ
وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ
عَلَیْكَ یَا حَبِیْبَ اللّٰہِ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ
یَا نَبِیَّ اللّٰہِ تین مرتبہ عروج و نزول سے پڑھو اور چار
زانو ہو بیٹھے اور داہنے پاؤن اور اُسکے پاس کی
انگلی سے بائیں پاؤن کی رگ کیماس کو جو گھٹنے کی اندر کی طرف ہے

محکم بگیرد و پشت راست دارد و رو بقبلہ آرد و ہر دو دست بر رانہا نہد و انگشتان را در حالت نفی بردارد کہ اشارت بر فنائے غیر ست و در اثبات فرو آرد کہ اشارت بہ ثبوت ہستی مطلوب حقیقی است و خاطر را ہم کند و حاضر دارد و ذکر را با حرمت و ہیبت و تعظیم شروع کند با حسن صورت و الحان خوش بعد از اعوذ و بسم اللہ با اخلاص تمام سہ بار کلمہ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ و یکبار کلمہ شہادت بخواند بعد ازان سر را بر زانوئے چپ بردہ سجدے نگون سازد کہ پیشانی قریب زانوی چپ برسد و از انجا لفظ لَاۤ اِلٰہَ را آغاز کند و سر را بر زانوے راست آوردہ و دورہ تمام بر کتف راست برساند و دم آنقدر دراز کند کہ ضربات ثلاثہ در یکدم در آیند و سر و پشت و کمر برابر شود و اندک سر را انجانب پشت کج کردہ تصور کند کہ ہمہ خطرات ما سوا اللہ را پس پشت انداختم و بگذارد دم را و لفظ اِلَّا اللّٰہُ بزور و قوت بر فضائے دل کہ زیر پستان چپ بفاصلہ دو انگشت واقع ست مانند گل صنوبر ضرب کند و تصور کند کہ عشق و نور الٰہی را بدل آوردم و در حالت نفی چشم را کشادہ دارد و در حالت اثبات بند نماید این نفی و اثبات را با فکر و ملاحظہ و واسطہ باین طریق مذکور دو صد بار بگوید و این ذکر را چہار ضربی نامند و درین ذکر نہ بار لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ دہم بار مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ہم بگوید بعد ازان بطریق سابق سہ بار کلمہ طیبہ و یکبار کلمہ شہادت بگوید اما مبتدی در کلمہ اِلٰہ لَا مَعْبُوْدَ و متوسط لَا مَقْصُوْدَ یا لَا مَطْلُوْبَ و منتہی لَا مَوْجُوْدَ و ہمہ اوست ملاحظہ کند بعد لمحہ دو لمحہ مراقب شود

دبائے اور کمر سیدھی رکھے اور رو بقبلہ بیٹھے اور دونوں ہاتھ دونوں زانوں پر رکھے اور حالت نفی میں انگلیاں اُٹھائے تاکہ اس سے فنائے غیر کی طرف اشارہ ہو اور موضع اثبات میں پھر رکھلے کہ اس سے مطلوب حقیقی کے موجودیت کا اشارہ ہے۔ اور دل کو مطمئن اور حاضر رکھے اور ذکر عزت اور حرمت اور ہیبت کے ساتھ شروع کرے اچھی طرح پر اچھی صورت سے خلوص نیت کے ساتھ اعوذ بسم اللہ پڑھکر شروع کرے اول تین مرتبہ کلمہ طیب اور ایک مرتبہ کلمہ شہادت پڑھے اسکے بعد بائیں گھٹنے کی طرف اتنا سر جھکائے کہ گھٹنے کے قریب پہونچ جائے اور وہاں سے لفظ لَاۤ اِلٰہَ کو شروع کرکے داہنے مونڈھے تک سر کو لائے اور سانس اتنا بڑہائے کہ تینوں ضربیں ایک ہی دم میں لگائے اور سر اور کمر دونوں برابر رہیں اور سر کو پشت کی طرف تھوڑا سا جھکا کر خیال کرے کہ میں نے ما سوا اللہ کو پس پشت ڈالدیا اور سانس توڑ کر لفظ اِلَّا اللّٰہُ کی پستان سے دو انگل نیچے بہت زور سے دلپر ضرب لگائے اور تصور کرے کہ میں عشق اور ورد الٰہی کو اپنے دلمیں لے آیا اور حالت نفی میں آنکھیں کھلی ہوئی اور اثبات میں بند رکھے اور نفی اور اثبات کو فکر اور ملاحظہ اور واسطے کیساتھ اسی طریق پر دو سو مرتبہ کہے اسکو چار ضربی کہتے ہیں (اور ہر دہائی پر محمد رسول اللہ ضرور کہے اس کے بعد تین مرتبہ پورا کلمہ پڑھے) مگر مبتدی کلمہ الہ میں لفظ لَا مَعْبُوْدَ اور متوسط لَا مَقْصُوْدَ یا لَا مَطْلُوْبَ اور منتہی لَا مَوْجُوْدَ کہے اور ہمہ اوست کا ملاحظہ کرے بعدہ لمحہ دو لمحہ مراقب

وتصور کند کہ فیضان از عرش بسینۂ مومن مے آید
لیکن باید دانست کہ زانوئے چپ مقام خطرۂ شیطانی
است و زانوئے راست مقام خطرۂ نفسانی و کتف
راست مقام خطرۂ ملکی ست و قلب مقام خطرۂ رحمانی ست
بزانوئے چپ لا الٰہ نفی خطرۂ شیطانی تصور کند و تا
رسانیدنش بزانوئے راست نفی خطرۂ نفسانی و
تا رسیدنش بر کتف راست نفی خطرۂ ملکی تصور کند و بلفظ
الا اللہ و اثبات خطرۂ رحمانی نماید و این مراتب را
اگر مرید عجمی باشد بہر زبان کہ او دانستہ باشد
تلقین فرماید۔

طریق دیگر نفی و اثبات

بدانکہ در نفی خطرات جداگانہ گونہ تفرقہ باطن ست
و مقصود کلی حضوری و جمعیت ست پس مرشد را باید
کہ نفی کلی تلقین فرماید تا نفی خطرات یکبارگی حاصل
آید چنانکہ متاخرین ہمین اختیار کردہ اند یعنے کلمہ لا
را از اندرون دل با شدت و قوت تمام برکشیدہ
و الٰہ را بر کتف راست رسانیدہ و سر را مائل بہ پشت
کردہ تصور کند کہ غیر اللہ را از دل بیرون آوردہ
پس پشت انداختم و دم را گذاشتہ بلفظ الا اللہ
بزور بر دل ضرب کند و ملاحظات این جاہمان ست
کہ بیان کردہ شد و ذکر نفی و اثبات بہر طور کہ
باشد خواہ بدون حبس دم یا بحبس و خواہ در ذکر
جاروب خواہ در ذکر ارہ وغیرہ بجز ذکر حدادی
مربعے نشیند ٭

ہو کر تصور کرے کہ فیضان الٰہی عرش سے مومن کے
سینہ میں آتے ہیں لیکن جاننا چاہیے کہ بائیں گھٹنے
میں خطرۂ شیطانی اور داہنے میں خطرۂ نفسانی اور
داہنے شانے میں خطرۂ ملکی اور دل میں خطرۂ رحمانی
کی جگہ ہے پس بائیں گھٹنے پر کلمہ لا الٰہ سے خطرۂ
نفسانی کی نفی کرے یعنی جس وقت لا الٰہ کہے مطلوب
کے سوا سب سے اپنے تصور کو پاک کرے اور جبتک
داہنے گھٹنے تک پہونچے خطرۂ نفسانی کی نفی کا
اور جب تک مونڈھے تک پہنچے خطرۂ ملکی کے نفی کا
تصور کرے اور الا اللہ سے خطرۂ رحمانی کا اثبات کرے
اور جو مرید عجمی ہو تو یہ مراتب اسکی زبان میں سکھائے جو وہ جانتا ہو

نفی و اثبات کا دوسرا طریق

جاننا چاہیے کہ ہر خطرہ کے جداگانہ نفی کرنے سے ایک
تفرقہ باطنی پیدا ہوتا ہے اور مقصود کلی طالب کا حضوری
اور جمعیت ہے تو مرشد کو چاہیے کہ نفی کلی تلقین فرمائے
تاکہ تمام خطرے ایک ہی دفعہ دور ہو جائیں چنانچہ
متاخرین نے یہی طریقہ اختیار کیا ہے یعنی کلمہ لا کو
بہت شدت اور قوت کے ساتھ دل سے کھینچکر
الٰہ کو داہنے مونڈھے تک پہونچا کر سر کو پشت کی
طرف تھوڑا جھکا کر تصور کرے کہ میں نے ماسوا المطلوب
کو دل سے نکالکر پس پشت ڈالدیا پھر الا اللہ کی
نہایت زور سے دل پر ضرب لگائے اور جو ملاحظات
ذکر نفی و اثبات میں ہم پہلے بیان کر چکے ہیں وہی یہاں بھی
ملحوظ خاطر رکھے اور بجز ذکر حدادی کے اور ذکروں میں جیسے
حبس یا بغیر حبس ذکر جاروب ذکر ارہ سب میں چار زانو بیٹھے

و در باقی اذکار دوزانو نشستن اولی ست

طریق ذکر اثبات مجرد

بدانکه پشت را راست کرده و هر دو دست بر زانو نهاده جلسه دوزانو نشیند و سر را جانب کتف راست برده لفظ الا اللہ را بشدت و قوت بر دل ضرب کند و در کلمہ لا الٰہ ملاحظہ مفہوم و معنی لا موجود و لیس معنا غیری میکند که مقصود نفی غیر در ملاحظہ هست این را چہار صد بار دما دم بگوید و این ذکر را یک ضربی میگویند بعد ازان بطور سابق سہ بار کلمہ طیبہ و یک بار کلمہ شہادت بگوید و لمحہ دو لمحہ بطور سابق مراقب باشد

طریق ذکر اسم ذات

بعد ازاں بحکم قل اللہ ثم ذرھم ذکر اسم ذات دو الفی یعنے اللّٰہ اللّٰہ باین روش که اول حرف ہائے لفظ اللّٰہ را ضمہ و ثانی ہائے لفظ اللہ را ساکن کند یعنی جزم دہد پس ہر دو چشم بستہ و سر را جانب کتف راست آورده با ملاحظہ اسماء و صفات امہات لفظ اللّٰہ جہرا اول ضرب بر لطیفہ روح که زیر پستان راست واقع ست زند و دیگر ضرب لفظ اللّٰہ بر فضائے دل بزند طریق دیگر آنکہ ہر دو ضرب بر دل زند این ذکر اسم ذات دو ضربی را شش صد مرتبہ بگوید لیکن نہ بار اللّٰہ اللّٰہ و دہم مرتبہ یک اسم ازین اسما یعنی اللہ حاضری اللہ ناظری اللہ معی بخواند باینطور که در عشرہ اول اللہ حاضری و در دوم عشرہ اللہ ناظری در سوم عشرہ اللہ معی بگوید باز اللہ معی اللہ ناظری اللہ حاضری باز اللہ حاضری اللہ ناظری اللہ معی بطریق

۷ اسماء صفات امہات اللہ سمیع البصیر علیم ہے ۱۲

اور ان کے علاوہ اور ذکروں میں دو زانو بیٹھے۔

ذکر اثبات مجرد کا طریق

ذاکر کو چاہئے کہ کمر سیدھی کرکے دونوں ہاتھ گھٹنوں پر رکھکر دوزانو بیٹھے اور سر داہنے شانے کیطرف لیجاکر لفظ الا اللہ کی زور سے دلپر ضرب لگائے اور کلمہ لا الٰہ میں لا موجود اور لیس معنا غیری کے معنے مفہوم کا ملاحظہ کرے کیونکہ ملاحظہ میں غیر کی نفی ہی مقصود ہے اسکے چار سو مرتبہ دما دم ضرب لگائے اسکو یکضربی کہتے ہیں پھر بطور سابق تین بار کلمہ طیبہ اور ایک بار کلمہ شہادت پڑھکر لمحہ دو لمحہ مراقب ہوجائے۔

ذکر اسم ذات کا طریق

اس کے بعد بحکم قل اللہ ثم ذرھم ذکر اسم ذات دو الفی یعنی اللّٰہ اسطریق سے کرے کہ اول حرف ہائے لفظ اللہ کو ضمہ اور دوسرے ہائے لفظ اللّٰہ کو ساکن کرے یعنے جزم دے پھر دونوں آنکھیں بند کرکے سر داہنے مونڈھے کی جانب لاکر اسمائے صفات امہات کا ملاحظہ کرے اور اول لفظ اللّٰہ کی زور سے لطیفہ روح پر کہ داہنے پستان کے نیچے ہے ضرب لگائے اور دوسری ضرب فضائے دلپر مارے اور دوسرا طریق یہ ہے کہ دونوں ضربیں دلپر لگائے اور اس ذکر اسم ذات دو ضربی کو چھ سو مرتبہ کہے مگر نو دفعہ اللّٰہ اللّٰہ اور دسویں دفعہ اسمائے اللہ حاضری اللہ ناظری اللہ معی میں سے ایک اسم کہے مگر اسطور پر کہ عشرہ اول میں اللہ حاضری اور دوسرے میں اللہ ناظری اور تیسرے میں اللہ معی اور پھر ہر عشرہ چار پر بطریق

عروج ونزول بہ ہر عشرہ خواندہ باشد مع ملاحظہ معنی تا کیفیت ولذت ذکر ودفع غفلت وخواب دست دہد بعد ازان بطور سابق کلمہ طیب ۳ بار وکلمہ شہادت یکبار بگوید بعد ازان یکضربی ہمان طور سر را بجانب کتف راست کجکردہ لفظ اللہ را بر دل ضرب کند این را یکصد بار دمادم بگوید بعد ۳ بار کلمہ طیب یکبار کلمہ شہادت گفتہ درود واستغفار یازدہ یازدہ بار بخواند فاتحہ بارواح مشائخ سلسلہ بفرسید بعد ازان مراقب شود ہر قدر کہ تواند اگر دل بجسپد وذوق دست دہد فبہا والا ہر ذکر یکہ ذوق آید خواہ جاروب خواہ ارہ خواہ حدادی وغیرہ مشغول ماند تا نماز صبح وبعد نماز اگر میسر آید در خدمت شیخ حاضر بودہ اخذ توجہ نماید والا در خلوۃ رفتہ بذکر وشغل مراقبہ ومحاسبہ مشغول شود ویا برادران طریقت حلقہ نمودہ در ذکر جہر یا در مراقبہ شاغل گردد اما باید کہ کلمہ اللہ را از کلمہ الا اللہ بسیار وکلمہ الا اللہ را از کلمہ لا الہ الا اللہ بسیار گوید بعد فراغ از ذکر دست برداشتہ دعا کند وفاتحہ بارواح پیران وحضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وآلہ واصحابہ اجمعین بخواند ونذر نماید۔

ایضاً طریق دیگر ذکر نفی واثبات

بمناسبت ہفت لطائف دل کہ ان فی جسد آدم مضغۃ وفی المضغۃ قلب وفی القلب فؤاد وفی الفؤاد روح وفی الروح سر وفی السر نور وفی النور انا بیان یافتہ اند قلم می آید بدانکہ در ذکر نفی اثبات نیز ہفت مرتبہ مقرر گردہ اند کہ در ہر دور نفی واثبات پس ذکر زبانی متعلق

عروج ونزول اللہ معی اللہ ناظری اللہ حاضری اللہ حاضرے اللہ ناظرے اللہ معی کہے اور اُس کے ساتھ ہی اس کے معنے کا خیال کرے تا کہ ذکر کی لذت حاصل ہو اور سستی اور غفلت دور ہو۔ پھر پہلی طرح تین مرتبہ کلمہ طیب اور ایک دفعہ کلمہ شہادت پڑھے۔ اسکے بعد سر کو دا ہنی شانہ کی طرف جھکا کر ایک ضرب لگائے یعنے لفظ اللہ کی دل پر دمادم ضربیں لگائے اور تین دفع کلمہ طیب اور ایک مرتبہ کلمہ شہادت پڑھکر درود اور استغفار گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے اور مشائخ سلسلہ ہذا کی ارواح مقدسہ پر فاتحہ پڑھے اسکے بعد جسقدر چاہے مراقب ہو اگر دل لگے اور مزا آئے خواہ جاروب میں خواہ ارہ میں خواہ حدادی میں اسمیں صبح تک مشغول رہے اور بعد نماز صبح اگر ہو سکے تو شیخ کی خدمت میں حاضر ہو کر توجہ لے ورنہ خلوت میں جا کر ذکر وشغل اور مراقبہ ومحاسبہ میں مشغول ہو یا برادران طریقت کے ساتھ حلقہ کرکے ذکر جہر یا مراقبہ میں مشغول ہو مگر چاہیے کہ اللہ کو کلمہ الا اللہ سے اور الا اللہ کو لا الہ الا اللہ سے زیادہ رکھے اور ذکر سے فارغ ہو کر ہاتھ اُٹھا کر دعا مانگے اور پیروں اور رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی ارواح مقدسہ پر فاتحہ پڑھے اور نذر

اس سے علاوہ ذکر نفی واثبات کا دوسرا طریق

وہ کہ سات لطیفوں کی مناسبت سے جن کا بیان ان فی جسد آدم مضغۃ وفی المضغۃ قلب وفی القلب فؤاد وفی الفؤاد روح وفی الروح سر وفی السر نور وفی النور انا ہے ذکر نفی واثبات کے بھی سات مرتبہ مقرر کیے ہیں کہ ہر درجہ میں نفی واثبات ہی ہے پس ذکر زبانی اجسام سے متعلق ہے

باجسام ست مرید را باید کہ باین ذکر چنان مشغول شود کہ غیر ذکر نماند و از ہر حواس جز ذکر نیاید چون سالک باین مقام رسد از عالم اجسام ترقی کردہ بمرتبۂ لطیفۂ قلب کہ نفس ست برسد و ذکر با فکر تعلق بلطیفۂ قلب دارد درین مرتبہ بذکر لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ با فکر چنان مشغول شود کہ لَا اِلٰہ کہ نافیہ ست نفی شود و جز اثبات اِلَّا اللّٰہ ہیچ نماند اگر سالک باین مرتبہ رسد از مقام نفس ترقی کردہ بمرتبۂ دل رسیدہ باشد و ذکر دل اِلَّا اللّٰہ است و اِلَّا اللّٰہ را بحضور دل تصور کند و بدلائل خود را و صفات خود را بذات و صفات حق ربط دادہ بذکر اِلَّا اللّٰہ چنان مشغول گردد کہ استثنا کہ در اِلَّا اللّٰہ ہست نیز نفی شود و بجز اللّٰہ ہیچ نماند چون سالک باین مقام رسد از خطرہ ملکوتی گزشتہ د مرتبہ دل را طے کردہ بمرتبۂ روح برسد و ذکر روح اسم ذات ست و اللّٰہ ذات جامع جمیع صفات ست و الف و لام اشارہ با فعال و اسماء صفات است و حرف ہا کہ در لفظ اللّٰہ ہست اشارت بذات است پس سالک را باید کہ چندان بذکر اسم ذات مشغول شود کہ الف و لام کہ در اللّٰہ است نیز نفی شود و جز ہو ہیچ نماند اگر سالک باین مرتبہ رسد خود ذکر گردد و از مرتبہ روح ترقی نمودہ بمرتبۂ سر رسیدہ باشد باز بذکر ہو چندان مشغول شود کہ خود مذکور گردد و فنا در فنا

مرید کو چاہئے کہ اس ذکر میں ایسا مشغول ہو کہ سوائے ذکر اور کچھ نہ رہے اور جو سانس نکلے بغیر ذکر کے نہ نکلے جب سالک اس مقام پر پہنچتا ہی عالم اجسام سے ترقی کر کے مرتبہ لطیفہ قلب پر کہ نفس ہی پہنچتا ہی اور فکر کے ساتھ ذکر کرنا لطیفہ قلب سے تعلق رکھتا ہے اس مرتبہ میں ذکر لا الہ الا اللہ میں فکر کے ساتھ ایسا مشغول ہو کہ لا الہ کہ نافیہ ہے نفی ہو جائے اور بجز اثبات الا اللہ کے کچھ باقی نہ رہے اگر سالک اس مرتبہ پر پہنچ جائے تو مقام نفس سے ترقی کر کے مرتبہ دل پر پہونچیگا اور دل کا ذکر الا اللہ ہے تو الا اللہ کو حضور دل سے تصور کرے اور اپنے آپ اور اپنے صفات کو دلائل حکمیہ کے ساتھ ذات و صفات سبحانہ تعالی سے ربط دیکر ذکر الا اللہ میں ایسا مشغول ہو کہ الا اللہ میں سے استثنا بھی نفی ہو جائے اور سوائے اللہ کے کچھ باقی نہ رہے جب سالک اس مقام پر پہنچے خطرہ ملکوتی سے گزر کر مرتبہ دل کو طے کر کے مرتبہ روح پر پہنچے اور ذکر روح کا اسم ذات ہے اور اللہ ذات جامع جمیع صفات ہے اور الف و لام سے اسما و افعال صفات کی طرف اشارہ ہے اور لفظ ہا سے اشارہ ذات کی طرف ہی تو سالک کو چاہیئے کہ اسم ذات کے ذکر میں ایسا مشغول ہو کہ الف و لام جو لفظ اللہ میں داخل ہے یہ بھی نفی ہو جائیں اور سوائے ہو کے کچھ نہ رہے۔ اگر سالک اس مرتبہ پر پہنچے تو سراپا ذکر ہو جائیگا اور مرتبہ روح سے ترقی کر کے مرتبہ سر پر پہونچے گا پھر تو ہو ہو میں اسقدر مشغول ہو کہ خود سراپا مذکور ہو جائے اور فنا در فنا کے

عبارت ازین ست واگر باین مرتبہ برسد بمقام بی
یسمع وبی یبصر رسد وخود نور گردد باز دریابد
کہ لوازمہ نور ظہور ست یا ز ظہور کند بمقام عبدیت
لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کہ مرتبہ عبدیت
مقام انتہائے سالک ست ودرآں مقام حقیقت
عبدیت ومعبودیت مکشوف شود باز در عبادت
چنانکہ حق عبادت ست مشغول شود وحفظ مراتب
را بوجہ احسن بجائے آرد وکمال اتباع شریعت
نماید بر مسند ارشاد جلوہ گر بودہ طالبان حق را
راہ نما باشد وولایت ومشیخت ہر دو اورا مسلم
باشد فائدہ آگاہ باد اے عزیز ہر چند در وصال
محبوب دیر اشتیاق غالب تر ولذت بیشتر وہر کہ
طلب مردانہ وہمت شیرانہ دارد ودر طلب استوار
قدم باشد وناامید نشود ان شاء اللہ
تعالی آخر کار اگر طالب صادق است شاہد مقصود
رخ خواہد نمود بمنہ وکرمہ

طریق ذکر پاس انفاس

باید کہ بیدار وہوشیار باشد بر انفاس خود دل
ہرگز صاف نشود از کدورت نفسانی وشیطانی
تا مدد پاس انفاس نکند وپاس انفاس این ست
کہ مکان وزمان را دریابد یعنے در بر آمدن نفس
وفرو رفتن نفس طالب ذاکر باشد خواہ بذکر جلی
خواہ بذکر خفی پس وقت بر آمدن دم لا الہ بگوید ووقت
فرو رفتن الا اللہ اما در ذکر خفی بدم ذاکر گردد

یہی معنی ہیں اور اگر اس مرتبہ میں پہنچے تو مقام بی یسمع
وبی یبصر میں داخل ہوگا اور خود نور ہو جائیگا
اسوقت سمجھے کہ لازمہ نور کا ظہور ہے۔ پھر مقام
عبدیت لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ہے
اور انتہائے سالک کا مقام ہے ظہور کرے اس مقام
میں عبدیت اور معبودیت کی حقیقت بخوبی ظاہر
ہو جائیگی پھر عبادت میں کماحقہ مشغول ہو اور عمدہ
طور سے حفظ مراتب بجالائے اور پوری طرح پر
شریعت کا اتباع کرے اور مسند ارشاد وہدایت
پر جلوہ گر ہو کر طالبان حق کو راستہ بتائے پس ولایت و
مشیخت دونوں اسکے لیے مسلم ہونگی فائدہ اے عزیز
خبردار ہو کہ وصال محبوب میں تاخیر کا ہونا باعث زیادتی
شوق اور لذت کا ہے اور جو شخص طلب مردانہ اور ہمت
شیرانہ رکھتا ہے اور راہ طلب میں ثابت قدم ہے اور
ناامیدی کو پاس نہیں پھٹکنے دیتا اور طالب صادق ہے تو
انشاء اللہ تعالے اسکے فضل وکرم سے ضرور اپنے مقصود تک پہنچیگا

ذکر پاس انفاس کا طریق

چاہیے کہ اپنے ہر سانس پر بیدار وہوشیار رہے
جبتک پاس انفاس کی مدد نہیں ہوتی دل کدورتوں
سے ہرگز پاک نہیں ہوتا اور پاس انفاس یہی کہ مکان
وزمان کا لحاظ رکھے یعنے سانس باہر آنے اور اندر جانے
کے وقت ذکر کرے خواہ جہراً خواہ سراً جب سانس باہر
آئے تو لا الہ کہے اور جب سانس اندر جائے
الا اللہ کہے مگر ذکر خفی میں سانس سے ذکر کرے اور اسکو

ودر بالا کشیدن و فروگذاشتن نظر بر ناف دارد
از انجا ذاکر گردد و دہن بستہ بیحرکت زبان بدم
ذاکر بود و چندان مشغول باشد کہ دم ذاکر گردد

طریق دیگر

آنکہ لفظ اللہ بالا کشد و ہموار فروگذارد و ملاحظہ کند
کہ ہمون اندرون و ہمون بیرون ست یعنے
ھُوَ الظَّاھِرُ وَھُوَ الْبَاطِنُ ملحوظ دارد و این ذکر را
چندان ورزش نماید کہ دم ذاکر شود و مستغرق
بذکر گردد و ذکر حیات شود و در بیداری و در خواب
ذاکر باشد و پاس انفاس حاصل آید و دل از
ماسوا اللہ پاک و صاف و نورانی گردد لہذا این
ذکر را جاروب قلب گویند زیرا کہ دل را از ہمہ
کدورات و کثافات صاف گرداند و مثمر تجلیات و
واردات سازد فائدہ اگر مرید سادہ دل باشد
و از کیفیت و لذت ذکر لذت گیر نگشتہ باشد باید کہ
مرشد او را پیش خود زانو بزانو بنشاند و بگوید چشم را
بند و سر را نگون سازد و کمر را کج کردہ و سینہ را
پیش آوردہ مقابل شود و مرشد انفاس او را احساس
نماید وقت فرو بردن نفس مرید مرشد نفس خود را
بردم او بگذارد و وقت بر آوردن او دم را دم خود را او
کشد چون باین طور مشغول شود یکبارگی لرزہ در بدن مرید یا
نعرہ از وے بر آید و ہر ذکر کہ ارادہ مرشد باشد جاری گردد

علاج دیگر مرید غبی

اگر مرید بسیار غبی باشد و ہیچ ذکر در وے تاثیر نہ کند
باید کہ مرشد او را ذکر اسم مربی او تعلیم نماید

باہر لائے اور اندر لیجانے میں ناف پر نظر کرے اور
وہیں سے ذاکر ہو اور منہ بند رکھے زبان مطلق نہ
ہلائے اور یہانتک مواظبت کرے کہ سانس خود ذاکر ہو جائے

دوسرا طریق

یہ ہے کہ لفظ اللہ کو باہر کے سانس میں لائے اور پھر
کو اندر لیجائے اور ملاحظہ کرے کہ اندر باہر وہی ہے
یعنے ہو الظاہر و ہو الباطن کا خیال رکھے اور اس
ذکر کی اتنی کثرت کرے کہ سانس ذاکر ہو جائے
اور ذکر میں مستغرق ہو اور ذکر حیات حاصل ہو
سوتے جاگتے ذاکر رہے اور پاس انفاس سے بہرہ مند ہو
اور ماسوا اللہ سے دل پاک صاف ہو جائے اور چونکہ
یہ دل کو تمام کدورتوں سے پاک صاف کرتا ہے اور
تجلیات الٰہی کا مورث بناتا ہے اسکو جاروب قلب کہتے
ہیں فائدہ اگر مرید سادہ دل ہو اور ذکر کی کیفیت
اور لذت سے بالکل واقف نہو تو مرشد کو چاہیے
کہ اسکو اپنے سامنے زانو بزانو بٹھاکر کہے کہ آنکھیں
بند کر اور سر جھکاکر کمر ٹیڑھی کرکے سینہ مقابل کرکے
بیٹھ اسکے بعد مرشد مرید کے انفاس کو دیکھے اور
دونوں سانس کے ساتھ اپنا سانس چھوڑے جب اسیطور پر
تھوڑی سی دیر مشغول رہیگا تو مرید کا بدن یکایک
کانپ اٹھیگا یا بیساختہ منہ سے نعرہ نکلجائیگا اور جو ذکر
مرشد کے ذہن میں ہوگا جاری ہوگا۔

مرید غبی کا علاج

اگر مرید غبی ہو اور کوئی ذکر اسکے دل پر اثر نکرتا ہو تو
مرشد کو چاہیے کہ اسکا مربی اسم ذکر کے لیے تعلیم فرمائے

وصورت دریافت اسم مربی او اینست که مرشد او را
در خلوت پیش خود بنشاند و اسمی از اسماء حسنی گرفته
بہمت تمام بتوجہ قلب تصور آن اسم مذکور از قلب خود
بر قلب مرید ضرب کند چند ضرب ہمین طور بزند اگر ضرب
این اسم تاثیر کند فبہا والا اسم دیگر از اسماء حسنی گرفتہ ہمین
طور آن اسم از قلب خود بر قلب مرید بزند الغرض ہمین
طور یک یک اسم را گرفتہ بعمل آرد ضرب اسمیکہ برو تاثیر کند بدانند
که اسم مربی او ہمین است و نیز اسم اعظم ہمون است در
حق آن پس آن اسم را بذکر سہ ضربی یا چہار
ضربی حکم کنند تا ورزش نماید انشاء اللہ در چند روز
ذکر او را بیابد و انوار ذکر برو تابد۔

بیان ذکر اسم ذات زبانی

طالب باید که باوجود ذکر پاس انفاس اسم ذات را
زبانی نیز ہر روز یک لکھہ بست و پنج ہزار بار که مرتبہ
نہایت است تکرار کند اگر نتواند بست و چہار ہزار بار که مرتبہ
اوسط است بگوید و حکمت درین آن ست که آدم در
شب و روز بست و چہار ہزار دم میگیرد پس گویا که
ہر دم ذاکر گردید و در زمرہ قولہ تعالیٰ
وَالذَّاکِرِیْنَ اللّٰہَ کَثِیْرًا وَّالذَّاکِرَاتِ داخل شد والا
کم از دوازدہ ہزار بار که ادنیٰ رتبہ ذاکرین ست
نگوید و فائدہ درین ذکر آن ست که ذکر لسانی میرساند
ذاکر را بذکر قلب پس در حالت جمع زبان و
دل بے شک ترتیب امر ذکر بکمال است
و این ترتیب در اکثر سلاسل است لیکن در سلسلہ

اور اسم مربی کے دریافت کرنے کی صورت یہ ہے کہ
اُسکو خلوت میں اپنے سامنے بٹھائے اور اسمائے حسنی
میں سے ایک اسم کو اپنے دل میں لے اور توجہ قلبی سے
نہایت ہمت کیساتھ اس اسم کی اپنے قلب سے مرید کے
قلب پر چند ضربیں لگائے اگر اس اسم کی ضرب تاثیر
کرے فبہا ورنہ دوسرا اسم اسمائے حسنی میں سے لیکر
اسیطرح اُس اسم کی ضرب بھی اپنے قلب سے مرید کے قلب پر
لگائے الغرض اسیطرح تمام اسموں کی ضربیں لگائے
جس اسم کی ضرب اُس میں اثر کر جائے اُسی کو اُس کا
مربی سمجھے اور اُس کا اسم اعظم بھی وہی ہے پس اُس
اسم کا ذکر بطور سہ ضربی یا چہار ضربی کے تلقین فرمائے
تاکہ وہ اُسپر مداومت کرے انشاء اللہ تعالیٰ چند روز
میں وہ ذکر اُسے ملنے لگیگا اور نور الٰہی اُسپر چمکنے لگیگا۔

اسم ذات کی زبانی ذکر کرنے کا بیان

طالب کو چاہیے کہ باوجود پاس انفاس کے اسم ذات
کو زبانی بھی ایک لاکھ پچیس ہزار مرتبہ پڑھ لیا کرے اگر
اتنا نہو سکے ۲۴ ہزار مرتبہ کہ زبانی ذکر کا اوسط مرتبہ ہی
ہے اور اسمیں حکمت یہ ہی کہ آدمی رات دن میں چوبیس
ہزار سانس لیتا ہے تو ہر سانس کے مقابل ایک ذکر
